کالج آف امریکن پیتھالوجسٹس نے پاکستان کی پہلی لیبارٹری کی توثیق کردی

درست لیبارٹری نتائج مریضوں کے لیے دراصل بروقت اور درست تشخیص کی حیثیت رکھتے ہیں۔

کراچی، 28 فروری، 2017

کالج آف امریکن پیتھالوجسٹس (کیپ–CAP) کلینیکل لیبارٹریز کی تصدیق کا ایک بین الاقوامی سطح پر مانا ہوا ادارہ ہے۔ کیپ نے آغا خان یونیورسٹی ہسپتال (اے کے یو ایچ) کلینیکل لیبارٹریز کے معیار کی تصدیق و توثیق کردی ہے۔ اے کے یو ایچ کلینیکل لیبارٹریز پاکستان کی پہلی لیبارٹری ہے جسے یہ تصدیق حاصل ہوئی ہے۔

کیپ سے منظوری کے لیے 3000 شرائط کو پورا کرنا لازمی ہوتا ہے جس کے باعث تصدیق کا مرحلہ کافی سخت ہوجاتا ہے۔ لیبارٹری کے ریکارڈز، عملے کی قابلیت ٹیسٹس کی درستی کی تصدیق، آلات، سہولیات، تحفظاتی پروگرامز اور مجموعی انتظام وانصرام کا جائزہ لینے کے لیے 9 انسپکٹرز پر مشتمل کیپ کی ٹیم نے پچھلے سال اے کے یو ایچ کا دورہ کیا۔ یہ کیپ ٹیم ٹریننگ پروگرام کے تحت تربیت یافتہ ماہر انسپکٹرز پر مشتمل ہوتی ہے۔

یونیورسٹی ہسپتال کے سی ای او ہانس کدزیرسکی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ لیبارٹری میں کیے جانے والے ٹیسٹس صحت کی فراہمی کا اہم جزو ہوتے ہیں۔ انھوں نے کہا، "چونکہ مرض کی تشخیص اور علاج کے زیادہ تر فیصلوں کا دارومدار عموماً لیبارٹری ٹیسٹس پر ہوتا ہے، لہٰذا درست لیبارٹری نتائج مریضوں کے لیے دراصل بروقت اور درست تشخیص کی حیثیت رکھتے ہیں۔" انھوں نے مزید کہا، "مریضوں کے اطمینان کے حصول کا عزم ہسپتال کو ہر روز معیار میں بہتری اور مستقل جائزے پر مامور رکھتا ہے۔"

اے کے یو ایچ پاکستان کا واحد تدریسی ہسپتال ہے جسے جوائنٹ کمیشن انٹرنیشنل ایکریڈیٹیشن سے تصدیق حاصل ہے۔ اس ادارے کو صحت عامہ کے اداروں کے معیار کی جانچ میں اعلیٰ ترین تصور کیا جاتا ہے۔

کلینیکل لیبارٹریز اینڈ آؤٹ ریچ سروسز کی چیف آپریٹنگ آفیسر ڈاکٹر شگفتہ حسن نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا، " کیپ سے تصدیق و منظوری اس امر کا ثبوت ہے کہ اے کے یو ایچ کلینیکل لیبارٹریز نے لیبارٹری میڈیسن میں بہترین معیار حاصل کرلیا ہے۔" انھوں نے مزید کہا، "اے کے یو ایچ کلینیکل لیبارٹریز نے ہمیشہ اعلیٰ ترین معیارات کے اطلاق کو ملحوظ رکھا ہے اور کیپ سے تصدیق اس کا واضح اظہار ہے۔"

آڈٹ کے بعد تفصیلات بتاتے ہوئے کیپ انسپکٹرز نے کہا کہ وہ اے کے یو ایچ کلینیکل لیبارٹریز کے معیار سے بے حد متاثر ہوئے اور درحقیقت انھیں اپنے فرض کی بجا آوری میں کوئی دقت نہیں ہوئی کیونکہ ادارے نے پہلے ہی ان معیارات کا اطلاق کیا ہوا تھا جن کی تصدیق و توثیق کی جانی تھی۔

کیپ کے صدر سی فریڈ برگ نے اے کے یو ایچ سے منسلک افراد کے نام پیغام میں کہا، "میں آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کلینیکل لیبارٹریز کو کیپ سے تصدیق شدہ پہلی پاکستانی لیبارٹری ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہمیں اندازہ ہے کہ اس منزل تک پہنچنے کے لیے طویل سفر طے کرنا پڑتا ہے؛ لیکن ہمیں یقین ہے کہ نہ صرف ہماری جانب سے دی گئی تصدیق بلکہ اے کے یو ایچ کی جانب سے معیاری خدمات کی فراہمی کی مسلسل کوشش، اعلیٰ کارکردگی اور درست نتائج کی فراہمی اور صارفین کے اعتماد سے پاکستان کے عوام کو فیض پہنچے گا۔"

اس موقعے پر بات کرتے ہوئے آغا خان یونیورسٹی کے صدر فیروز رسول نے کہا، "اپنے قیام سے لے کر اب تک، آغا خان یونیورسٹی اور اس سے منسلک ہسپتالوں نے تدریس، تحقیق اور مریضوں کی دیکھ بھال کے شعبوں میں اعلیٰ ترین معیار کے حصول کو اپنا مقصد بنایا ہے۔ بین الاقوامی اداروں کی جانب سے ہمارے طریق کار کی توثیق و تصدیق اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارا معیار بہترین عالمی معیار سے ہم آہنگ ہے۔"

اے کے یو ایچ کلینیکل لیبارٹریز پاکستان میں لیبارٹری کا سب سے بڑا نیٹ ورک ہے۔ کراچی میں قائم مرکزی کلینیکل لیبارٹری کے علاوہ ملک بھر کے 100 سے زائد شہروں میں 250 علاقائی لیبارٹریز، میڈیکل سینٹرز اور اسپیسی مین کلیکشن یونٹس موجود ہیں۔ 50 اساتذہ اور 250 ٹیکنالوجسٹس پر مبنی اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ ٹیم اور جدید ترین خودکار آلات سے لیس ان لیبارٹریز میں 700 مختلف ٹیسٹس کی سہولت موجود ہے۔ ایک اندازے کے مطابق اے کے یو ایچ کلینیکل لیبارٹریز میں ہر سال 10 ملین ٹیسٹس کیے جاتے ہیں۔

مریضوں کی سہولت کے لیے کلینیکل لیبارٹریز کے تحت آن لائن رپورٹس، ایس ایم ایس الرٹس اور تفصیلی ملٹی کالم رپورٹس جیسی سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔

کلینیکل لیبارٹریز سروس لائن چیف ڈاکٹر فاروق غنی نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا، "اعلیٰ معیار، اعلیٰ تر خدمات اور شفافیت کو برقرار رکھتے ہوئے ہم نے اپنے مریضوں کو درست نتائج کی فراہمی کا عزم کیا ہوا ہے۔"

کیپ لیبارٹری ایکریڈیٹیشن پروگرام امریکہ کی وفاقی حکومت سے منظور شدہ ہے۔ اس کا آغاز 1960 کی دہائی میں کیا گیا اور اسے امریکی حکومت کے اپنے انسپکشن پروگرام کے مساوی یا اس سے زیادہ سخت تصور کیا جاتا ہے۔

کیپ 18,000 سے زائد بورڈ سرٹیفائیڈ پیتھالوجسٹس کے ساتھ سرگرم عمل ایک ممتاز عالمی ادارہ ہے جس کے تحت مریضوں، پیتھالوجسٹس اور عوام الناس کو خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ کیپ نے پیتھالوجی اور لیبارٹری میڈیسن کے میدانوں میں مہارت کے فروغ اور ترویج کا بیڑا اٹھایا ہے۔ کیپ کا لیبارٹری امپروومنٹ پروگرام جو 65 سال قبل شروع کیا گیا اور اب 100 سے زائد ممالک میں موجود ہے۔ اس پروگرام کے تحت 8000 لیبارٹریز کو تصدیق اور توثیق فراہم کی جا رہی ہے اور دنیا بھر کی 20,000 سے زائد لیبارٹریز کی مہارت کی جانچ کا کام سرانجام دیا جاتا ہے۔